SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

PRESS RELEASE

For immediate release
April 4, 2019

ایس ای سی پی نے رجسٹرار سکیورٹرانزیکشن رجسٹری تعینات کردیا

اسلام آباد(4اپریل)وفاقی حکومت کی جانب سے سکیورڈٹرانزیکشنز رجسٹری کے قیام کا نوٹیفیکیشن جاری ہونے کے بعد سکیورٹیز اینڈ ایکس چینج کمیشن آف پاکستان نے رجسٹرار سکیورٹرانزیکشن کا تقرر کردیا ہے۔

ایس ای سی پی کے ہیڈ آفس میں قائم کی گئی سکیورڈٹرانزیکشن رجسٹری، کسی بھی ادارے کی جانب سے اپنے صارفین کے اثاثوں، خاص طور پر منقولہ اثاثوں پر بنائے جانے والے سود/ چارجز کی رجسٹریشن کے لئے ایک موثر ریگویٹری فریم ورک وضع کرے گی اور ان اداروں کی جانب سے بنائے گئے سود/ چارجز کی رجسٹریشن بھی کرے گی۔اثاثوں پر بنائے جانے والے سود/ چارجز کی رجسٹریشن سے چھوٹے کاروبار والے افراد اور کاروباری اداروں کو مالیاتی اداروں سے قرض حاصل کرنے میں مدد ملے گی اور تحفظ حاصل ہوگا۔ وفاقی حکومت نے فنانشل انسٹی ٹیوشنز (سکیورڈٹرانزیکشنز) ایکٹ 2016 کی دفعہ 19 کے تحت حاصل اختیارات کے تحت سکیورڈٹرازیکشنز رجسٹری کے قیام کا نوٹیفیکیشن جاری کیا ہے۔

پاکستان میں کئی شعبوں کو مالیاتی اداروں سے محفوظ کریڈٹ کے حصول میں مشکل پیش آرہی ہے کیونکہ یہ ادارے ایسا کوئی اثاثہ نہیں رکھتے جو کہ کسی مالیاتی ادارے کو بطور کولیٹرل قابل قبول ہو۔ مزید ازاں، کولیٹرل رجسٹری کا قیام ،کاروباری آسانیاں فراہم کرنے کے لئے کی جانے والی مالیاتی اصلاحات میں نہایت اہم ہے۔ رجسٹری کا قیام پاکستان کو ڈوئنگ بزنس رینکنگ میں بہتری کا باعث ہوگا۔

Securities and Exchange Commission of Pakistan
NICL Building, 63 Jinnah Avenue, Islamabad
Tel: 051-9214005